(۱۰) جملہ مکنونات قلم و مکتوبات لوح بلکہ بالجملہ روز اول سے روز آخر تک تمام ماکان ومایکون [illegible] ... علم اقدس سے بہت ... [illegible] ... وقت بھی ... [illegible] ... ورنہ وہ فوق احتمال حاصل۔

(۱۱) حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حقیقت روح کا بھی علم ہے۔

(۱۲) جملہ متشابہات قرآنیہ کا بھی علم ہے۔ یہ پانچوں مسائل قسم سوم سے ہیں کہ ان میں اہل سنت مختلف رہے ہیں جس کا بیان بعونہ تعالیٰ ... [illegible] ... کسی پر معاذ اللہ کفر کیا معنی ضلال یا فسق کا بھی حکم نہیں ہو سکتا بلکہ پہلے سات مسئلوں پر ایمان

العطایا النبویۃ فی الفتاوی الرضویۃ

مع تخریج و ترجمہ عربی عبارات

جلد ۲۹

امام احمد رضا بریلوی

رضا فاؤنڈیشن، جامعہ نظامیہ رضویہ

قلابازی نمبر اٹھائیس

حشمت علی برکاتی رضوی اپنے ہی فرقے کے تکفیری امام احمد رضا خان بریلوی کی مخالفت کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ : حضور ﷺ کے علم غیب کا منکر حضور ﷺ کی رسالت کا منکر ہے .. حضور ﷺ کے علم غیب کا منکر کافر مرتد اور زندیق ہے

اور اللہ جل جلالہٗ فرماتا ہے۔ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ ۔ یعنی اور میرا رسول غیب کا علم عطا فرمانے پر بخیل نہیں ——— جو شخص کہتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کو علم غیب نہیں تھا وہ اللہ عزوجل کو جھٹلا رہا ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کی نبوت و رسالت کی بھی تکذیب کر رہا ہے۔ لہٰذا بحکم شریعت مطہرہ شخص مذکور فی السوال قطعاً کافر مرتد ملحد منافق زندیق ہے۔ ایسے شخص کو اس کے حالات مذکورہ پر مطلع ہوتے ہوئے نماز میں امام بنانا حرام بلکہ کفر ہے۔ اس سے اپنے بچوں کو تعلیم دلوانا حرام ہے۔ اس کے ساتھ کھانا پینا اٹھنا بیٹھنا حرام ہے۔ اس کے ساتھ بیاہ شادی کے تعلقات قائم کرنا حرام ہے۔ وہ راستے گلی میں ملے تو اسکو سلام کرنا حرام ہے۔ وہ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

بیمار پڑے تو اس کو دیکھنے جانا حرام ہے۔ وہ مرجائے تو اس کے جنازے پر حاضر ہونا حرام ہے۔ اس سے کوسوں دور رہنا اس سے اپنے کو دور رکھنا شرعاً فرض ہے۔ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَلَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۔ وقال اللہ تعالیٰ وَإِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطَانُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرَىٰ مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۔ وقال اللہ تعالیٰ وَلَا تُصَلِّ عَلَىٰ أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَلَا تَقُمْ عَلَىٰ قَبْرِهِ ۔ شخص مذکور کے حالات پر مطلع ہو کر جو لوگ اس کا ساتھ دیں اسکی حمایت و طرفداری کریں ان سے بھی معاملہ شرعیہ کرلینا مسلمانوں پر بحکم خدا و رسول جل جلالہٗ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم فرض ہے۔



قلابازی نمبر اُنتیس

احمد رضا خان بریلوی لکھتا ہے کہ :

خنزیر کی منی پاک ہے

فتاوٰی رضویہ — جلد چہارم

ابو جعفر الطحاوی وفی شرح معانی الآثار۔	کچھ روک رکھنا جائز نہ تھا پس اس (قتل) کے منسوخ ہونے سے یہ بھی منسوخ ہوگیا جیسا کہ امام ابو جعفر طحاوی نے شرح معانی الآثار میں اس کی تحقیق فرمائی ہے۔(ت)

خامساً: اگر دلائل میں تعارض بھی ہو تو مرجع اصل ہے۔

کمانصوا علیہ فی الاصول وتشبثوا بہ فی مسائل الاسرار بآل تأمین وترك رفع الیدین وغیرھما۔	جیسا کہ انہوں نے اسے اصول میں بیان کیا اور آہستہ آمین کہنے اور ترک رفع یدین جیسے مسائل میں اس کو اختیار کیا۔(ت)

اور اصل تمام اشیا میں طہارت ہے۔


حتی الخنزیر فانہ من المنی والمنی من الدم والدم من الغذاء والغذاء من العناصر والعناصر طاھرۃ حتی لولم یرد الشرع بتنجیس عینہ بقی علی اصلہ فی المیزان الاصل فی الاشیاء الطھارۃ وانما النجاسۃ عارضۃ فانھا صادرۃ عن تکوین اللہ تعالٰی القدوس الطاھر [1] الخ۔ وفی الطریقۃ والحدیقۃ عن ان الطھارۃ فی الاشیاء اصل ش لان اللہ تعالٰی لم یخلق شیأ نجسا من اصل خلقتہ ص وش انما ص النجاسۃ عارضۃ ش فاصل البول ماء طاھر وکذلك الدم والمنی والخمر عصیر طاھر ثم عرضت النجاسۃ [2] اھ ملخصا۔ ولذا قال فی الغنیۃ ھھنا والاصل عدمھا [3] ای عدم النجاسۃ کمامر۔	حتی کہ خنزیر بھی، کیونکہ وہ منی سے ہے، منی خون سے، خون غذا سے اور غذا عناصر سے اور عناصر پاک ہیں حتی کہ اگر شریعت اسے نجس عین قرار نہ دیتی تو وہ اپنی اصل پر باقی رہتا۔ میزان میں ہے اشیاء میں اصل طہارت ہے اور نجاست لاحق ہوتی ہے یعنی اللہ تعالٰی پاک وطاہر کے حکم سے صادر ہوتی ہے الخ۔ الطریقۃ المحمدیہ اور الحدیقۃ الندیہ میں ہے (متن) اشیاء میں اصل طہارت ہے (شرح) کیونکہ اللہ تعالٰی نے اصل تخلیق میں کسی چیز کو نجس پیدا نہیں کیا (متن) نجاست عارضی ہے (شرح) پس پیشاب کا اصل پاک پانی ہے، اسی طرح خون، منی اور شراب پاک رس ہے پھر نجاست لاحق ہوئی اھ ملخصا۔ اسی لئے غنیہ میں اس مقام پر فرمایا اور اصل عدم نجاست ہے جیسا کہ گزر گیا۔(ت)

[1] المیزان الکبرٰی باب النجاسۃ مطبوعہ مصطفی البابی مصر ۱/۱۰۳

[2] الحدیقۃ الندیۃ النوع الرابع تمام انواع الاربعۃ فی بیان اختلاف الفقہاء ... مطبوعہ نوریہ رضویہ فیصل آباد ۲/۷۰۳

[3] غنیۃ المستملی فصل فی الآبار مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور ص ۱۵۹

Page 441 of 761



قلابازی نمبر اُنیتس

امجد علی اعظمی اپنے فرقے کے مجدد احمد رضا خان بریلوی کی مخالفت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ : منی ناپاک ہے کیونکہ امجد علی اعظمی نے منی کا ذکر نجاستوں کے بیان والے باب میں کیا ہے

نَجاستوں کا بیان

حدیث ۱: صحیح بُخاری و مسلم میں اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی، کہ ایک عورت نے عرض کی یارسول اللہ! ہم میں جب کسی کے کپڑے کو حیض کا خون لگ جائے تو کیا کرے؟ فرمایا: "جب تم میں کسی کا کپڑا حیض کے خون سے آلودہ ہو جائے تو اسے کھرچ ڈالے، پھر پانی سے دھوئے تب اُس میں نماز پڑھے۔" (1)

حدیث ۲: صحیحین میں ہے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کپڑے سے مَنی کو میں دھوتی، پھر حضور نماز کو تشریف لے جاتے اور دھونے کا نشان اس میں ہوتا۔ (2)

حدیث ۳: صحیح مسلم میں ہے فرماتی ہیں، کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کپڑے سے مَنی کو مَل ڈالتی، پھر حضور اس میں نماز پڑھتے۔ (3)

حدیث ۴: صحیح مسلم میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: "چمڑا جب پکالیا جائے، پاک ہو جائے گا۔" (4)


حدیث ۵: امام مالک ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا: "کہ مُردار کی کھالیں جب پکالی جائیں تو انھیں کام میں لایا جائے۔" (5)

حدیث ۶: امام احمد و ابوداود و نسائی نے روایت کی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے درندوں کی کھال سے منع فرمایا۔ (6)

حدیث ۷: دوسری روایت میں ہے ان کے پہننے اور ان پر بیٹھنے سے منع فرمایا۔ (7)

---

1. "صحيح البخاري"، كتاب الحيض، باب غسل دم المحيض، الحديث: ٣٠٧، ج١، ص١٢٥.
2. "صحيح البخاري"، كتاب الوضوء، باب غسل المني... إلخ، الحديث: ٢٣٠، ج١، ص٩٩.
3. "صحيح مسلم"، كتاب الطهارة، باب حكم المني، الحديث: ٢٨٨، ص١٦٦.
4. "صحيح مسلم"، كتاب الحيض، باب طهارة جلود الميتة بالدباغ، الحديث: ٣٦٦، ص١٩٤.
5. "الموطأ" لإمام مالك، كتاب الصيد، باب ماجاء في جلود الميتة، الحديث: ١١٠٧، ج٢، ص٥٤.
6. "سنن أبي داود"، كتاب اللباس، باب في جلود النمور والسباع، الحديث: ٤١٣٢، ج٤، ص٩٣.
7. "سنن أبي داود"، كتاب اللباس، باب في جلود النمور والسباع، الحديث: ٤١٣١، ج٤، ص٩٣.



قلابازی نمبر تیس

بریلویوں کے قاضی فضل احمد صاحب شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہوئے یوں لکھتے ہیں : مرغوب القلوب ترجمہ جذب القلوب الی دیارا لمحجوب شیخ عبدالحق محدث دہلوی


مؤدب بطور نماز کھڑے ہو کر صورت مقدسہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تصور کرے۔ گویا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لحد مبارک میں آرام فرماتے ہیں۔ اور میرے حاضر ہونے کو جانتے ہیں۔ اور میرا کلام سنتے ہیں۔ اسی واسطے کہ حضرت کی حیات اور ممات حدیث میں منصوص ہے۔ پھر کمال حیا اور ادب سے یوں عرض کرے۔ السلام علیك ایها النبی ورحمة الله وبركاته تین بار السلام علیك یا رسول رب العلمین . السلام علیك یا خیر الخلائق اجمعین السلام علیك یا سید المرسلین و خاتم النبیین الخ۔ بلفظہ۔ صفحہ ۹۴۴ سطر ۲۱۔

(۲) مرغوب القلوب ترجمہ جذب القلوب الی دیار المحبوب شیخ عبدالحق علیہ الرحمۃ محدث دہلوی صفحہ ۲۳۱، ۲۳۲۔ اور جس قدر ممکن ہو سکے ظاہر و باطن میں خضوع و خشوع عجز و انکسار سے ایک ذرہ فروگزاشت نہ کرے۔ اور سلام کے وقت ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھ کر کھڑا ہو۔ جیسے نماز میں کھڑا ہوا کرتے ہیں۔ چنانچہ کرمانی نے اس بات کی تصریح کی ہے۔ اور قبلہ کی طرف پیٹھ کرے۔ بلفظہ۔ بہر حال جالی کے قریب کھڑا ہو یا دور۔ ادب کو ہاتھ سے نہ دے۔ اور یقین رکھے اس بات کا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے کھڑے ہونے اور حاضر رہنے پر مطلع ہیں۔ اور آواز معتدل سے کہ نہ بہت اونچی ہو۔ اور نہ بہت پست۔ بصفت حیا و وقار سلام عرض کرے۔ السلام علیك یاایها النبی و رحمة الله و بركاته پھر تین بار کہے۔ السلام علیك یا رسول الله . السلام علیك یا نبی الله . السلام علیك یا سید المرسلین . السلام علیك یا خاتم النبیین۔ آخر عبارت تک جو زیارت کے رسالوں میں لکھی ہے۔ بلفظہ۔ صفحہ ۲۴۱، سے ۲۴۲ تک۔

(۳) کتاب حاشیہ مناسک خطیب شربینی باب زیارت روضہ مطہرہ وقاولی له وضع یمینه علی یساره كا الصلوة الخ۔ بلفظہ۔ یعنی زیارت روضہ مطہرہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وقت بہتر یہ ہے کہ اپنا داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ کے اوپر رکھے۔ جیسے نماز میں رکھے جاتے ہیں۔

(۴) فتاویٰ عالمگیری باب زیارت قبر شریف ویقفا یقف فی الصلوة یعنی زیارت کرنے والا ایسا کھڑا ہو۔ جیسے نماز میں کھڑا ہوتا ہے۔

(۵) مواہب اللدنیہ جلد دوئم، صفحہ ۳۸۳، سطر ۱۰، مطبوعہ مصر۔ اعلم زیارة قبره الشریف من اعظم الایات وارجی الطاعات والسبیل الی اعلی الدرجات ومن اعتقد غیر هذا فقد انخلع من ربقة الاسلام و خالف الله و رسوله و جماعة العلماء الاعلام۔ بلفظہ۔ یعنی جان لے کہ زیارت قبر مطہرہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہایت عظیم آیات سے ہے۔ اور تمام طاعتوں سے ثواب زیادہ دلانے والی۔ اور اعلیٰ درجات کی طرف سے راستہ ہے۔ اور جو کوئی اس بات کے خلاف عقیدہ رکھے (یعنی زیارت کرنے کا مانع ہو) اس نے اپنی گردن پر سے اسلام کا قلادہ اتار ڈالا (یعنی اسلام سے نکل گیا) اور اس نے مخالفت کی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی۔ اور ایک جماعت علماء اعلام کی۔ (العیاذ باللہ)




قلابازی نمبر تیس

بریلویوں کا مفتی اقتدار احمد خان نعیمی .. شاہ ولی اللہ محدث دہلوی .. شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اور خواجہ حسن نظامی کی توہین کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ .. شاہ ولی اللہ محدث دہلوی .. شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اور خواجہ حسن نظامی .. کبھی شیعوں کی تائید کرکے شیعہ بن جاتے ہیں تو کبھی وہابیوں کی تائید کرکے وہابی بن جاتے اور کبھی سنّیوں کی تائید کرکے سُنّی بن جاتے ہیں .. یہ تینوں اہلِ سنت کے نزدیک قابلِ اعتماد نہیں ہیں



قلابازی نمبر اکتیس

اعلیٰ حضرت احمد رضا خان بریلوی کے بیٹے حسنین رضا خان بریلوی لکھتے ہیں کہ : کسی وہابی / دیوبندی کو مولانا کہنا یا لکھنا کفر ہے یا پھر کم از کم گمراہی ہے



بحمدہ تعالیٰ

رسالہ ہدایت نما ازالہ اوہام باطل اہل باطل کی حقیقت کھولنے والا حق کو
آفتاب کی طرح روشن بنانے والا اہل بطالت کے عذر باطل
کو فی النار کرنے والا کتاب نفیس وجلیل و مبارک مسمیٰ بنام تاریخی

الطاری الداری لهفوات عبد الباری

۱۳۳۹ھ

حصہ اول

مؤلفہ حضرت مولانا مولوی ابوالبرکات آل الرحمن محمد مصطفیٰ رضا خاں صاحب
قادری برکاتی نوری دامت برکاتہم العالیہ

بصرف زر جماعت مبارکہ رضائے مصطفیٰ بریلی

باہتمام جناب مولانا مولوی حاجی محمد حسنین رضا صاحب مدظلہ

حسنی پریس بریلی میں طبع ہوا

کفر ہے (۳) اپنے آپ کو بھی ایسا ہی کہنا اقرار کفر و کفر ہے (۴) ہیجان
نبوت کو مولنا صاحب رحمۃ اللہ علیہ لکھنا کفر ہے (۵) جس نے علم اقدس
سید عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تنقیص کی ابلیس کو صفت خاصہ
میں خدا کا شریک مانا مجلس میلاد مبارک کو جنم کنہیا خرافات کہا اُسے
ادب سے معافی کا خواستگار ہوں اگر قلباً ہو کفر اور نیچر کی تہذیب پر ہے تو
اضلال عوام و سخت شنیع و حرام (۶) رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ
وسلم کا سا علم غیب ہر بچے پاگل جانور چوپائے کو ماننے والے دن بھر اپنی
نبوت جینے کو تسکین بتانے والے کو خیر اللاحقین بالمہرۃ السابقین کہنا اعتقاداً
کفر ہے ورنہ اضلال و حرام (۷) دیوبندی وہابی مجوز کذب خدا کو جس
اللہ تعالےٰ کا ظالم جاہل چور شرابی ہونا ممکن جائز کہا مولنا صاحب لکھنا
اسلامی جلسے کا صدر مسلمانان ہند کا شیخ بنانا کفر یا کم از کم اضلال و ضلال
ہے (۸) وہابی منکر رحمۃ للعالمین کو مکرمی جناب مولنا صاحب السلام علیکم
لکھنا کلمۂ کفر و اضلال ہے (۹) مجتہد تبرائیان کے جلسۂ تعظیم و تعزیت میں
دل سے شرکت کا اظہار اور عدم حاضری کی معذرت کم از کم اضلال و حرام
ہے (۱۰) اُس کی فاتحہ خوانی کر تو زیعا حرام و کفر ہے اس کے جلسے سے دلی
تعلق بتانا کم از کم استحسان حرام کا اظہار ہے اگر واقعی ہے کفر ورنہ
اضلال و حرام ہے (۱۱) تبرائیان زمانہ مرتد ہیں مرتد کو مسلمان خصوصاً
معظم جاننا کفر ہے (۱۲) تا (۱۴) تبرائی کو بلا تقیہ مقتدائے مذہب کا بڑا
ہستی کہنا اُس کے محاسن کا اعتراف اُس کی تعریف میں رطب اللسان

قلابازی نمبر اکتیس

بریلویوں کے علامہ فیض احمد اویسی نے مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ کو مولانا لکھا ہے

الوسیلہ بالا اشخاص

علامہ سمہودی اور علامہ سبکی رحمۃ اللہ علیہما سے توسل کا ثبوت

"قلت کیف لایستشفع ولایتوسل بمن له هذا المقام والجاه عند مولاه بل یجوز التوسل بسائر الصالحین کماقاله السبکی" اھ

(وفاء الوفا، ص ۴۱۹ جلد ۴)

یعنی نبی ﷺ کے عنداللہ جاہ وعلومقام پر نظر کرتے ہوئے آپ کو شفیع بنانا اور آپ کو وسیلہ بنانا تو بھلا کیسے جائز نہ ہوگا، بلکہ آپ تو آپ ہی ہیں تمام صالحین کو وسیلہ بنانا جائز ہے۔

شاہ محمد اسحٰق دہلوی سے توسل کا ثبوت

دعا بایں طور "کہ الٰہی بحرمتِ نبی وولی حاجت مرا روا کن"۔ جائز است۔

(مائۃ مسائل ص ۲۱)

حضرت مولانا شید احمد گنگوہی سے توسل کا ثبوت


الجواب: چونکہ اب بندہ سے سوال کیا گیا ہے تو مختصر لکھنا ضرور ہوا۔ استغاثہ (توسل) کے تین معنی ہیں۔ ایک یہ کہ حق تعالیٰ سے دعا کرے کہ بحرمتِ فلاں میرا کام کردے یہ باتفاق جائز ہے۔ خواہ عند القبر ہو خواہ دوسری جگہ اس میں کسی کو کلام نہیں۔

دوسرے یہ کہ صاحبِ قبر سے کہے (خدا کا نام چھوڑ کر) تم میرا کام کردو یہ شرک ہے۔ خواہ قبر کے پاس کہے خواہ دور کہے۔ اھ

(۳) تیسرے یہ کہ قبر کے پاس جاکر کہے کہ اے فلاں تم میرے واسطے دعا کرو کہ حق تعالیٰ میرا کام کردیویں۔

اس میں اختلاف علماء کا ہے مجوزین سماع موتی اس کے جواز کے مقر ہیں۔ اور مانعین سماع موتی منع کرتے ہیں۔ سو اس کا فیصلہ کرنا اب کرنا محال ہے۔ الخ

12



قلابازی نمبر اکتیس

بریلویوں کے علامہ فیض احمد اویسی نے مولانا خلیل احمد سہارنپوری رحمہ اللہ کو مولانا لکھا ہے

جواب: عندنا وعند مشائخنا یجوز التوسل فی الدعوات بالانبیاء والصلحین من الاولیاء والشهداء والصدیقین فی حیاتهم وبعد وفاتهم بان یقول فی دعائه اللهم انی اتوسل الیک بفلان ان تجیب دعوتی وتقضی حاجتی الی غیر ذالک کما صرح به شیخنا ومولانا محمد اسحق الدهلوی ثم المهاجر المکی ثم بینه فی فتاواه شیخنا ومولانا رشید احمد گنگوهی رحمة الله علیهما وفی هذا الزمان شائعة مستفیضته باید ی الناس وهذه المسئلة مذکورة علی صفحة ۹۳ من الجلد الاول منها فلیراجع الیها من شاء۔

(المہند علی المفند ص۱۲و۱۳)

یہ فتویٰ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارنپوری ثم المہاجر المدنی رحمۃ اللہ علیہ کا لکھا ہوا ہے۔ اس کی تصدیق میں اکابر علماء دیوبند کے (۲۳) دستخط ہیں۔ بعد ازاں علماء مکہ معظمہ، علماء مدینہ طیبہ، علماء جامعہ از ہر مصر علماء دمشق شام کے (۴۷) تصدیقی دستخط ہیں۔ الغرض جواز توسل کا مسئلہ تمام علماء دیوبند کے نزدیک متفق علیہ ہے کسی ایک کا بھی اس میں اختلاف نہیں۔


(۴) مذکورہ بالا تحریرات سے یہ بات واضح ہوگئی کہ پنجاب کے مدعیان علم جو توسل [1] بالذوات یا توسل بالاموات مطلقاً انکار کرتے ہیں بلکہ اس کو حرام یا شرک کہتے ہیں وہ ہرگز ہرگز دیوبندی المسلک نہیں۔ بلکہ دیوبندی مسلک کے لئے بدنام کنندہ ہیں۔

واللہ یهدی من یشاء الیٰ صراط مستقیم۔

تنبیہ: علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک عبارت مولوی عبدالعزیز صاحب شجاعبادی [2]

---

[1] غلام خاں اور اسکی پارٹی۔ [2] یہ مولوی بعد کو غلام خاں کا دامن چھوڑ کر دوسرے ڈالڈے دیوبندیوں سے آملا۔ اویسی غفرلہ



قلابازی نمبر اکتیس

بریلویوں کے علامہ فیض احمد اویسی نے مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ کو مولانا لکھا ہے

الوسیلہ بالا اشخاص

خائی جتھہ مراد ہے ورنہ ان کے بڑے بڑے وسیلہ بالاشخاص کے قائل ہیں چنانچہ مولوی خیر محمد جالندھری ثم ملتانی کا فتوئی ملاحظہ ہو۔ جو ماہنامہ خیر البلاد خیر پور ضلع بہاول پور سے شائع ہوا بعنوان آپ نے پوچھا ہے توسل بالانبیاؤ الاولیا کے بارے میں مفصل ومدلل فتوئی۔

سوال (۱): مسائل ذیل میں توسل بالانبیاء والاولیاء کی حقیقت کیا ہے۔

(۲) انبیاء علیہم السلام اور اولیاء عظام اور صلحاء کرام کے توسل سے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنا کیسا ہے۔ خواہ وہ اس دنیا میں زندہ ہوں یا فوت ہو چکے ہوں۔ خواہ ان کی ذوات سے توسل کیا جائے یا ان کے اعمال سے ایسا توسل جائز ہے یا حرام یا شرک۔

(۳) علماء حنفیہ خصوصاً اکابر علمائے دیو بند کا مسلک توسل کے متعلق کیا ہے۔

(۴) پنجاب کے بعض مدعیان علم دیو بندی کہلا کر اس قسم کے توسل کا سرے سے انکار کرتے ہیں بلکہ اس کو شرک کہتے ہیں وہ صحیح معنی کو دیو بندی ہیں یا نہیں؟ مستفتی قاضی احسان احمد شجاع آبادی

نوٹ: آنے والا جواب ہے مولوی خیر محمد جالندھری کا ہے جو فرقہ دیو بندیہ کا ایک ستون ہے۔


الجواب: وباللہ التوفیق

توسل کی حقیقت

مجدد الملت حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی چشتی حنفی قدس سرہ العزیز جائز توسل کی حقیقت کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں۔

(الف) کسی شخص کا جو جاہ ہوتا ہے اللہ کے نزدیک اس جاہ کی قدر اس پر رحمت متوجہ ہوتی ہے۔ توسل کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اے اللہ جتنی رحمت اس پر متوجہ ہے اور جتنا قرب اس کا آپ کے نزدیک ہے اس کی برکت سے مجھ کو فلاں چیز عطا فرما۔ کیوں کہ

6



قلابازی نمبر بتیس

بریلویوں کے علامہ فیض احمد اویسی لکھتے ہیں کہ :
حضور ﷺ بے مثل بشر ہیں .. دوستوں فیض احمد اویسی نے حضور ﷺ کو بشر تسلیم کیا ہے

13

۹۔ انبیاء علیہم السلام اور اولیاء اللہ علیہم الرحمۃ' اللہ تعالیٰ کے اذن اور اجازت سے مخلوق کے مددگار' فریاد رس' حاجت روا اور وسیلہ ہیں۔

۱۰۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنا خلیفہ بنایا اور تمام چیزوں کے اسماء کا علم عطا فرمایا۔

۱۱۔ حضرت آدم علیہ السلام سب سے پہلے نبی ہیں اور تمام انسانوں کے باپ ہیں' خدا تعالیٰ نے ان کو بغیر ماں باپ کے پیدا فرمایا۔

۱۲۔ انبیاء کرام و اولیاء عظام علیہم السلام ہماری آوازوں کو سنتے ہیں اور ہمارے حالات سے باخبر ہیں' موت نے ان کی نبوت کے کمالات سماع اور علم مٹایا نہیں' بلکہ بڑھایا ہے۔

۱۳۔ کسی نبی (علیہ السلام) کی ادنیٰ توہین و گستاخی کفر ہے۔

عقائد در بارۂ رسالت مآب (ﷺ)

۱۔ آقائے نامدار مدنی تاجدار' حضور پرنور محمد مصطفیٰ ﷺ تمام رسولوں کے سردار ہیں۔

۲۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سراپا نور اور بے مثل بشر ہیں۔


۳۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے اپنے نور مبارک سے پیدا فرمایا۔

۴۔ حضور نبی پاک ﷺ اللہ تعالیٰ کے نائب مطلق اور خلیفۂ اعظم ہیں (دیگر انبیاء علیہم السلام آپ کے واسطے سے اللہ تعالیٰ کے نائب ہیں)

۵۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اگر پیدا نہ ہوتے' تو خدا تعالیٰ دنیا میں کوئی شے پیدا نہ فرمایا (جیسا کہ حدیث لولاک سے ثابت ہے)

۶۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے اذن سے اپنی گنہگار امت کی شفاعت کریں گے' شفاعت کا منکر گمراہ اور بے دین ہے۔

۷۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام حیوانات ملائکہ' حور و غلمان' جن و انس' بلکہ تمام کائنات کے لیے رحمت ہیں' جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ



قلابازی نمبر بتیس

بریلویوں کے مناظر عمر اچھروی اپنے ہی فرقے کے دوسرے مولوی فیض احمد اویسی پر شیطان ہونے کا فتویٰ لگاتے ہوئے لکھتے ہیں کہ : انبیاء کرام کو بشر یعنی انسان کہنا ابلیس کا طریقہ ہے

محمد عمر: ایک وجہ تو تمہیں پہلے بتا چکا ہوں کہ نبی اللہ کو بشر کہنا سنت ابلیس ہے دوسری وجہ یہ کہ قرآن مجید میں جہاں بھی کسی امتی نے بشر کہا تو کفار نے اپنے انبیاء علیہم السلام کو بشر کہا، کسی مومن نے نہیں کہا۔

دس ہزار روپیہ انعام

انشاء اللہ اس شخص کو نقد دوں گا جو قرآن کریم سے ایک آیت دکھا دے کہ کسی امتی نے اپنے نبی اللہ کو بشر کہا ہو۔ یا فقیر قرآن کریم سے دکھا دیتا ہے کہ منکرین انبیاء علیہم السلام نے اپنے نبی اللہ کو بشر سے خطاب کیا جیسا کہ پہلے ابلیس کا خطاب بیان کر چکا ہوں کہ حضرت آدم علیہ السلام کو بشر کہا، بعد ازاں

کفار اپنے انبیاء علیہم السلام کو بشر کہتے تھے

نوح علیہ السلام کو کفار نے بشر کہا

(الہود ۱۲/۳) فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَوْمِهِ مَا نَرَاكَ إِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرَاكَ اتَّبَعَكَ إِلَّا الَّذِينَ هُمْ أَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّأْيِ وَمَا نَرَىٰ لَكُمْ عَلَيْنَا مِن فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ كَاذِبِينَ۔ تو حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے کافروں نے کہا نہیں دیکھتے ہم تجھے مگر ہماری مثل بشر اور نہیں دیکھتے ہم تیرے متبعین مگر جو ہم سے ذلیل ہیں کم عقل ہیں اور نہ ہی ہم پر تمہاری کوئی فضیلت ہے۔ بلکہ ہم تمہیں جھوٹا گمان کرتے ہیں۔

اس آیت کریمہ میں رب العزت نے نوح علیہ السلام کی قوم کے کفار کی چار باتیں نقل کی ہیں۔

نوح علیہ السلام کی قوم کفار کے کلمات کفریہ

(۱) تو ہماری مثل بشر ہی تو ہمیں نظر آتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن جَاءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوا أَن تُصِيبُوا قَوْمًا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوا عَلَىٰ مَا فَعَلْتُمْ نَادِمِينَ

فتوحاتِ احناف

مقیاسِ نور

اہل سنت جماعت احناف کے غیر مقلدین وہابیوں سے چند مناظروں کی روئداد


مناظر اسلام مولانا محمد عمر صاحب اچھروی

الناشر
مکتبہ سلطانیہ — مدینہ منزل
۵۰ اے جناح کالونی سلطانی روڈ سمن آباد لاہور
فون ۴۸۲۳۵۶
ملنے کا پتہ
صاحبزادہ حافظ سلطان باہو صدیقی صاحب بن مولانا محمد عمر صاحب
صاحبزادہ محمد حبیب سلطان صدیقی صاحب

قلابازی نمبر تینتیس

بریلویوں کے مولانا نعیم اللہ خاں قادری ایک اُصول بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ : گالیاں دینا قادیانیوں کا آبائی پیشہ ہے مسلمانوں کو اِنکی گالیاں سن کر پریشان نہیں ہونا چاہیے .. یعنی کہ تُم جِس انسان کو بھی دیکھو کہ وہ مسلمانوں کو گالیاں دیتا ہے مسلمانوں کو بُرا بھلا کہتا ہے تو سمجھ جاؤ کہ وہ انسان مسلمان نہیں رہا بلکہ قادیانی بن چُکا ہے





قلابازی نمبر تینتیس

بریلویوں کے صدر الافاضل نعیم الدین مرادآبادی کہتے ہیں کہ : اعلیٰ حضرت احمد رضا خان بریلوی کی کتابوں کو لوگ اُٹھا کر پھینک دیا کرتے ہیں کیونکہ اعلیٰ حضرت کی کتابوں میں گالیاں بھری ہوتی ہیں .. دوستوں نعیم اللہ خاں قادری کے اُصول سے اعلیٰ حیضرت احمد رضا خان بریلوی قادیانی بنتے ہیں یا نہیں ؟؟ فیصلہ آپ لوگ خود کرلیں

قلابازی نمبر چونتیس

بریلویوں کے مولانا محمد نور بخش توکلی قرآن مجید کی ایک آیت کا ترجمہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ :

اللہ ہنسی کرتا ہے اُن سے

یسعیاہ۔ باب ۳۴۔ آیہ ۴ میں ہے :۔

اور آسمان کاغذ کے طاؤ کی مانند لپیٹے جائیں گے "

مکاشفات۔ باب ۶۔ آیہ ۱۴ میں ہے :۔

" اور آسمان طومار کی طرح جب آپ سے لپیٹا جائے دو حصے ہو گیا "

۹۔ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ (بقرہ ۔ ع)	جیتا ہے سب کا تھامنے والا نہیں پکڑتی ہے اس کو اونگھ اور نہ نیند "

زبور ۱۲۱۔ آیہ ۴ میں ہے :۔

" دیکھ وہ جو اسرائیل کا محافظ ہے ہرگز نہ اونگھے گا اور نہ سوئے گا "

۱۰۔ اَللّٰهُ یَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَ یَمُدُّهُمْ فِیْ طُغْیَانِهِمْ یَعْمَهُوْنَ (بقرہ ع)	اللہ ہنسی کرتا ہے اُن سے ۔ اور بڑھاتا ہے اُن کو اُن کی شرارت میں بھکے ہوئے "


زبور ۲۔ آیہ ۴ میں ہے ۔

وہ جو آسمان پر تخت نشین ہے ہنسے گا ۔ اور خداوند انہیں ٹھٹھوں میں اڑا دے گا "

اسی طرح زبور ۵۹ ۔ آیہ ۸ میں ہے :۔

" پر تو اے خداوند اُن پر ہنسے گا ۔ تو ساری قوموں کو مسخرہ بنا دے گا "

ناظرین! آپ امثلہ بالا سے بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں۔ کہ قرآن و دیگر کتب الہامیہ میں بلحاظ محاورہ کس قدر مطابقت ہے ۔ آپ کو معلوم ہے ۔ کہ نزول قرآن اور نزول کتب سابقہ میں کتنا عرصہ دراز گزر رہا ہے ۔ اور آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ کتب سابقہ میں تحریف معنوی اور تحریف لفظی اس کثرت سے ہوئی ہے ۔ کہ کتابوں تک کا پتہ نہیں چلتا ۔ با اینہمہ قرآن وکتب سابقہ موجودہ میں محاورہ کی ایسی مطابقت کا پایا جانا صاف بتا رہا ہے ۔ کہ دونوں صورتوں میں متکلم ایک ہی ہے ۔ وہ خدائے علیم جس نے تورات حضرت موسیٰ پر ۔ زبور حضرت داؤد پر ۔ انجیل حضرت عیسیٰ پر اور دیگر صحیفے دوسرے نبیوں پر بھیجے ۔ اسی نے قرآن مجید اپنے پیارے نبی اُمی (روحی فداہ) پر نازل فرمایا ۔ جو بخلاف دیگر کتب ۔ ۔ ۔ ت میں بھی موجود ہے ۔ اور مکمل ہے کہ اس کی موجودگی میں کتب سابقہ جو اپنے اپنے وقت میں مکمل و کافی تھیں ناکمل و منسوخ ہو گئیں ۔



قلابازی نمبر چونتیس

بریلویوں کے مولانا خادم رضا اپنے ہی فرقے کے دوسرے مولوی نور بخش توکلی کی مخالفت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ : اگر ان ترجمہ کرنے والے لوگوں کو ذرا بھی اللہ کی عظمت کا خیال ہوتا تو وہ ایسا ترجمہ ہر گز نہ کرتے

امام احمد رضا بریلوی کے ترجمۂ قرآن کی مناسبت سے اشاعت خاص — انوار کنز الایمان 336

(۱) ارشاد قرآنی ہے "الله يستهزئ بهم" اس آیت کا ترجمہ مختلف مترجمین یہ کرتے ہیں۔

"اللہ ان سے ٹھٹھا کرتا ہے" (سرسید)

"اللہ ان کو بناتا ہے" (ڈپٹی نذیر احمد)

"ان منافقوں سے خدا ہنسی کرتا ہے" (فتح محمد جالندھری)

"اللہ ہنسی اڑاتا ہے ان کی" (مرزا حیرت)

"اللہ ہنسی کرتا ہے ان سے" (شیخ دیوبند محمود حسن)

"اللہ جل شانہ ان سے دل لگی کرتا ہے" (نواب وحید الزماں)

دیکھئے اگر ان مترجمین کو تائید ربانی حاصل ہوتی اور ان کے قلوب میں اللہ تعالیٰ کی عظمت وجلال کا سچا تصور ہوتا تو وہ اس سبوح وقدوس کے حق میں دل لگی کرنا، ٹھٹھا کرنا، بنانا، ہنسی اڑانا وغیرہ بازاری محاورے ہرگز استعمال نہ کرتے۔ یہ جاننا کہ رب العزة جلالہ کی بارگاہ عظمت ٹھٹھا کرنے ہنسی اڑانے وغیرہ عیوب سے پاک ہے صرف مرد مومن موید من اللہ ہی کا کام ہے۔ ان ترجموں کو دیکھنے کے بعد کیا کسی ایسے کے ترجمے کی ضرورت نہیں محسوس ہوتی جو تعارف قرآن کا راز داں ہو؟ عظمت و جلال الٰہی کے آگے سر جھکانے والو جواب دو۔

(۲) ارشاد ربانی ہے "وما جعلنا القبلة التي كنت عليها الا لنعلم من يتبع الرسول ممن ينقلب على عقبيه" اس کے ترجمے یہ کیے گئے ہیں

"اور جس سمت قبلہ پر آپ رہ چکے ہیں (یعنی بیت المقدس) وہ تو محض اس کیلئے تھا کہ ہم کو (یعنی اللہ کو) معلوم ہو جائے کہ کون رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع اختیار کرتا ہے اور کون پیچھے کو ہٹا جاتا ہے" (مولوی اشرف علی تھانوی)


آیت مذکورہ بالا میں لنعلم کا ترجمہ دیگر مترجمین نے یہ کیا ہے

"ہم جان لیں" (سرسید علی گڑھی) ۔ (اخلاق حسین قاسمی ماہنامہ دار العلوم فروری ۱۹۷۱ء)

"ہم معلوم کر لیں" (ڈپٹی نذیر احمد)

"ہمیں معلوم ہو جائے" (مرزا حیرت)

دیکھئے ان مترجمین نے عربی اردو ڈکشنری میں العلم کا ترجمہ جاننا پڑھا تھا اس کے مطابق آیت میں لنعلم کا ترجمہ "ہم کو یعنی اللہ کو معلوم ہو جائے" لکھ دیا لیکن بصیرت ایمانی سے محرومی کے باعث اتنا نہ سوچ سکے کہ "معلوم ہو جائے" کا محاورہ اس کیلئے استعمال کیا جائے گا جس کو پہلے سے معلوم نہ ہو اور اللہ تعالیٰ تو ہر چیز کا ازلی وابدی طور پر عالم ہے تو پھر اس کے حق میں معلوم ہو جائے



قلابازی نمبر چونتیس

بریلویوں کے مفتی شاہ ابو الظفر قادری برکاتی رضوی اپنے ہی فرقے کے دوسرے مولوی نور بخش توکلی پر مجسمہ کا فتویٰ لگاتے ہوئے لکھتے ہیں کہ : اللہ تعالیٰ کے لیے ہنسی مذاق کا ترجمہ کرنا مجسمہ ہونے کی نشانی ہے

سب طرف پھیلنے والا ہے جاننے والا۔ ص۱۲۴ اور پارہ دوم رکوع اول ص۱۹۵
ہے۔ بجز اس کے کہ ہم جان لیں اس شخص کو جو پیروی کرتا ہے رسول کی" او
کے ص۴۸ میں ہے کہ۔ جنت و نار کی جو چیزیں بیان ہوئی ہیں وہ سب تمثیلیں
ہیں نہ حقیقتیں" یہ ہیں وہابی غیر مقلدوں خارجیوں نیچریوں کے گندے تر
کر جو ان کو درست مان لے تو ایمان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ معاذ اللہ

تھانوی جی کی کتر بیونت

دیوبند کے بے سند فاضل جناب اشرفعلی تھانوی جن کو سالہے کے سا
وہابی دیوبندی حکیم الامۃ اور مجدد الملۃ الدیوبندیہ مانتے ہیں جنکو انگ
چھ سو روپے ماہواری دیتے تھے۔ اور تھانوی جی برابر ماہواری لیتے رہے۔ ا
ترجمہ ملاحظہ ہو۔ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ "اللہ تعالیٰ بھی استہزا کر رہے
اُن کے ساتھ" تھانوی جی نے عربی کا ترجمہ عربی ہی لکھا یعنی استہزا اور ا
معنی ہیں ٹھٹھا کرنا۔ ہنسی کرنا۔ ٹھٹھول کرنا۔ مذاق کرنا۔ مسخرہ پن کرنا۔ تو
جی بھی اللہ تعالیٰ کے لیے ہنسی ٹھٹھا مانتے ہیں۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔ اور
پارہ اول سورہ بقرہ۔ "تم لوگ جس طرف بھی منہ کرو اُدھر اللہ تعالیٰ کا رخ
اور پ۲ سورہ بقرہ "کہ ہم کو معلوم ہو جائے کہ کون تو رسول اللہ صلی ا
علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کا اتباع اختیار کرتا ہے" اور پ۸ سورہ اعراف "پھر ع
پر قائم ہوا" اور پ۱۱ سورہ یونس "پھر عرش یعنی تخت شاہی پر قائم ہوا"
تھانوی جی خدا تعالیٰ کو مجسم مان رہے ہیں۔ معاذ اللہ۔

مقام اشاعت: مکتب خادم اہلسنت جامع مسجد اہلسنت ۔۔۔ ممبئی

ہمستی باسم تاریخی

النجوم الشهابية على مآل تراجم الوهابية

عرف تاریخی

دیوبندی ترجموں کا آپریشن

از قلم حقیقت رقم

قلابازی نمبر پینتیس

بریلویوں کے علامہ فیض احمد اویسی لکھتے ہیں کہ : لفظِ توحید بدعت ہے اِس لفظ کا ثبوت قرآن و حدیث میں کہیں نہیں ملتا

جو لوگ توحید کا ڈھنڈورا پیٹ رہے ہیں۔ یہ بھی دراصل انہی کے مردہ مذہب کو زندہ کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ لیکن بفضلہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اہلسنت جب تک زندہ ہیں انہیں معتزلہ و خوارج کے مردہ مذہب کو زندہ نہیں ہونے دیں گے بلکہ جو بھی اس غلط تصور کو سامنے لائے گا اسے بھی زندہ درگور کردیں گے۔ (ان شاء اللہ)

بدعت

جو لوگ توحید پر زور لگا رہے ہیں وہ تو خود کو بدعت کے دشمن بتاتے ہیں لیکن یہ بدعت اتنی محبت کیوں کہ اسلام کی اصلی اصطلاح کے بجائے توحید (بدعت) کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنا رکھا ہے کہ خود کو مسلمان کہلوانے کے بجائے توحیدی 'موحد' کہلوانا فخر سمجھتے ہیں۔ اس میں راز کیا ہے یہ ان سے پوچھئے۔ کل بدعة ضلالة و کل ضلالة فی النار کو کیوں بھول گئے۔

توحید کا تصور

اسلام تو جامع لفظ ہے ہی کیوں کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی ذات اور جملہ صفات و افعال کو ماننے کے ساتھ حضور سرور عالم ﷺ کی نہ صرف رسالت بلکہ آپ کے تمام لائے ہوئے احکام کو تسلیم کرنے کا نام اسلام ہے اور لفظ توحید میں یہ تمام جملہ امور نہیں بلکہ اس میں صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کو ماننا ہے اور بس اسی لئے تو معتزلہ و خوارج کو اہل اسلام نے گمراہ اور خارج از اسلام بتایا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی توحید کے تو عاشق تھے لیکن رسالت مآب ﷺ اور آپ کے لائے ہوئے احکام کے مخالف۔ اگرچہ بظاہر احکام کے پابند تھے لیکن ان کی تعبیر غلط کرتے تھے۔

توحید کیا ہے

حضرت سید میر شریف رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ

التوحید فی اللغة الحکم بان الشیء واحد والعلم بانه واحد وفی اصطلاح اہل الحقیقة تجرید الذات الالٰهیة عن کل ما یتصور فی الافهام ویتخیل فی

2



قلابازی نمبر پینتیس

فیض احمد اویسی کی مخالفت کرتے ہوئے آصف قادری عطاری نے عقیدہ توحید پر پورا ایک باب باندھا ہے

25

بسم اللہ الرحمن الرحیم والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ الکریم

باب اول

عقیدۂ توحید:

شرک کو سمجھنے کے لیے توحید کا مفہوم جاننا ضروری ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے،

﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝﴾

''تم فرماؤ! وہ اللہ ہے، وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا، اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی''۔


(الاخلاص، کنز الایمان از اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

﴿وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ﴾

''اور تمہارا معبود ایک معبود ہے، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں مگر وہی بڑی رحمت والا مہربان''۔ (البقرۃ: ۱۶۳، کنز الایمان)

﴿اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَ لَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ﴾

''اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ آپ زندہ اور اوروں کا قائم رکھنے والا ہے، اُسے نہ اونگھ آئے نہ نیند، اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں، وہ کون ہے جو اُس کے ہاں سفارش کرے بے اس کے حکم کے، جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے، اور وہ نہیں پاتے اُس کے علم میں سے مگر جتنا وہ چاہے، اُس کی کرسی میں سمائے ہوئے ہیں آسمان اور زمین، اور اُسے بھاری نہیں



قلابازی نمبر چھتیس

احمد رضا خان تکفیری قرآن مجید کی ایک آیت کا ترجمہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ : مغفرت مانگ اپنے گناہوں کی اور مسلمان مردوں اور عورتوں کے لیے

فضائلِ دعا | 86 | فصلِ دوم

ادب ۴۰: جب اپنے لیے دعا مانگے تو سب اہلِ اسلام کو اس میں شریک کرلے۔

قال الرضاء: کہ اگر یہ خود قابلِ عطا نہیں کسی بندے کا طفیلی ہوکر مراد کو پہنچ جائے گا۔

ابوالشیخ اصبہانی نے ثابت بنانی سے روایت کی: "ہم سے ذکر کیا گیا جو شخص مسلمان مردوں اور عورتوں کے لیے دعائے خیر کرتا ہے قیامت کو جب ان کی مجلسوں پر گزرے گا ایک کہنے والا کہے گا: یہ وہ ہے کہ تمہارے لیے دنیا میں دعائے خیر کرتا تھا پس وہ اس کی شفاعت کریں گے اور جناب الٰہی میں عرض کرکے بہشت میں لے جائیں گے۔"

یہاں تک کہ حدیث میں ہے: "جو شخص نماز میں مسلمان مردوں اور عورتوں کے لئے دعا نہ کرے وہ نماز ناقص ہے۔"(1)

قال الرضاء: یہ بھی ابوالشیخ نے روایت کی اور خود قرآن عظیم میں ارشاد ہوتا ہے:

﴿وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ﴾


"مغفرت مانگ اپنے گناہوں کی اور سب مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کے لیے۔" (پ۲۶، محمد: ۱۹)

حدیث میں ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو "اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِيْ" (اے اللہ! میری مغفرت فرما) کہتے سنا، فرمایا: "اگر عام کرتا تو تیری دعا مقبول ہوتی۔"(2)

1 "کنز العمال"، کتاب الأذکار، المکملۃ الإجابۃ، الحدیث: ۳۳۷۸، ج۱، الجزء الثانی، ص۴۹. (بحوالہ ابوالشیخ)۔ یہاں ترجمہ میں خطاب حضور علیہ الصلاۃ والسلام سے نہیں بلکہ کسی بھی عام مومن کو یہ دعا تعلیم کی جارہی ہے کہ اپنے اور عام مسلمانوں کے لیے دعائے مغفرت طلب کر جیسا کہ سیاق و سباق سے بھی واضح ہے۔ اس حوالے سے مکمل وضاحت کے لیے دیکھیے "فتاوی رضویہ"، جلد ۲۹، ص ۳۴۹ سے ۴۰۱ تک، رضا فاؤنڈیشن لاہور.

2 "رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، مطلب: في الدعاء بغیر العربیۃ، ج۲، ص۲۸۶.

پیش کش: مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)



قلابازی نمبر چھتیس

بریلویوں کے مفتی شاہ ابو الظفر قادری برکاتی رضوی اپنے ہی فرقے کے تکفیری امام اعلیٰ حیضرت احمد رضا خان بریلوی پر کفر کا فتویٰ لگاتے ہوئے لکھتے ہیں کہ : نبی ﷺ کو گنہگار / خطاکار / قصوروار کہنے والا کیوں کافر نہ ہوگا ؟؟

او سنة من سنن المرسلین فقد کفر جو کسی نبی کی نبوت کا انکار کرے یا کسی نبی کو عیب لگائے یا حضور کی کسی سنتِ کریمہ کا انکار کرے وہ یقیناً کافر ہو گیا اور حضور سید المعصومین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو گنہگار ، خطا کار ، قصوروار اور ایمان باللہ سے بے خبر لکھنے والا کافر نہ ہوگا ۔ اور جو حضور اقدس اعلیٰ کو ایک معمولی انسان اور محض انسان اور محض ایک انسان لکھ گیا وہ کافر نہ ہوگا ۔ اور خزانۃ الروایات میں ہے فی الفصول العمادیۃ ذکر الشیخ الامام خواہرزادہ فی شرح السیر ان الرضا بکفر الغیر انما یکون کفراً دوسرے کے کفر پر راضی ہونا خوش ہونا بھی کفر ہے اور اسی خزانۃ الروایات میں ہے فی الظہیریۃ من حسن کلام اهل الهواء وقال کلام معنوی او قال کلام له معنی صحیح ان کان ذلک کفرا من القائل یکفر المحسن یعنی جس نے بد مذہب کے کفری کلام کی تعریف کی اور کہا کہ یہ کلام معنی رکھتا ہے یا کہا اس کے معنی صحیح ہیں اگر قائل کا وہ کلام کفر ہے تو یہ تعریف کرنے والا بھی کافر ہو جائے گا ۔ اور اسی خزانۃ الروایات میں یہ حدیث شریف ہے قال النبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم من بجّل کافرا اذهب الله عن قلبه نور الاسلام جو کسی کافر کی تعظیم کرے اللہ تعالیٰ اس کے دل سے اسلام کے نور کو دور فرما دے ۔ اور خزانۃ الروایات صفحہ ۹۶ میں ہے فی الظہیریۃ وعقد اللذی واذا کفر ثم اتی بکلمۃ الشہادۃ بحکم العادۃ ولم یرجع عما قال لم یرتفع الکفر وهو المختار یعنی اور جب کسی نے کفر کیا پھر کلمہ شہادت بطور عادت کے پڑھا اور اپنے کفری قول سے رجوع نہ کیا تو اس کا کفر دور نہ ہوگا یہی مذہب مختار ہے یعنی جس نے

مقام اشاعت : کتب خانہ اہلسنت جامع مسجد اہلسنت ... مدنپورہ بمبئی

النجوم الشہابیۃ علیٰ مآل تراجم الوہابیۃ

معروف تاریخی

دیوبندی ترجموں کا آپریشن

قلابازی نمبر سینتیس

بریلویوں کے فقیہ الہند علامہ مفتی محمد شریف الحق امجدی لکھتے ہیں کہ : اللہ کو حاضر و ناظر کہنا ممنوع ہے

مقرر صاحب نے جو نکتہ آفرینی کی وہ مخل کلام اور سخت محل نظر ہے۔ یہ کہنا کہ حضور نے سلام نہیں کیا، اس سے مقرر صاحب کی مراد یہ ہے کہ جیسے بندے جب آپس میں ملتے ہیں جس صیغے سے ایک دوسرے کو سلام کرتے ہیں، یہی وہاں بھی کرنا چاہیے تھا۔ یہ مقرر صاحب کی غلطی ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو کچھ عرض کیا، یہ بمنزلہ سلام ہی ہے۔ ملاقات کے وقت جو سلام کیا جاتا ہے اس کو تحیت بھی کہتے ہیں۔ قرآن کریم میں سلام کو تحیت ہی سے تعبیر فرمایا ہے:

"إِذَا حُيِّيتُم بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَا."[1] اور جب تمھیں کوئی کسی لفظ سے سلام کرے تو تم اس سے بہتر لفظ میں جواب کہو یا وہی کہہ دو۔

اور اللہ عز وجل نے جو کچھ ارشاد فرمایا وہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی تحیت کا جواب تھا۔ جواب کا جواب نہیں ہوتا۔ اللہ عز وجل کو مخاطب کر کے السلام علیکم یا وعلیکم السلام کہنا ممنوع ہے۔ حدیث میں ہے:

"لا تقولوا السلام على الله فإن الله هو السلام."[2] یہ نہ کہو، سلام ہو اللہ پر اس لیے کہ اللہ سلام ہے۔

مگر نکتہ آفرینی کی وجہ سے یہ مقرر کافر و مرتد نہیں ہوئے، خاطی ہوئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

اللہ تعالیٰ کو حاضر و ناظر کہنا ممنوع ہے

مسئولہ محمد معین اشرفی، انجمن اسلامیہ جالور راجستھان ۱۳ رجب ۱۴۰۹ھ


مسئلہ زید کا قول: خدا ہر جگہ حاضر و ناظر بایں معنی کہ ذرہ ذرہ تہہ بہ تہہ میں اللہ حاضر ہے، معاذ اللہ۔ جب کہ علامہ احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ علیہ نے جاء الحق ص: ۱۳۵ پر ارشاد فرمایا کہ ہر جگہ حاضر و ناظر ہونا خدا کی صفت ہرگز نہیں، خدا ئے پاک جگہ اور مکان سے پاک ہے۔ بکر کا قول: اللہ کو ہر جگہ حاضر و ناظر ماننا کفر ہے اس لیے کہ حاضر و ناظر کے تین معنی ہیں ایک جگہ رہ کر تمام عالم کو مثل کف دست دیکھنا، ایک ہی آن میں عالم کی سیر کر لینا اور صدہا کوس پر کسی کی مدد کر دینا، جسم یا جسم مثالی کا متعدد جگہ موجود ہونا۔ یہ صفات بہت سی مخلوقات کو ملی۔ قرآن وحدیث کی رو سے وضاحت فرما کر مشکور ہوں اور زید پر حکم نافذ فرمائیں۔

الجواب

حاضر کے لغوی معنی جسم کے ساتھ موجود ہونا اور ناظر کے معنی آنکھ سے دیکھنا ہے۔ جیسا کہ علامہ سعید احمد کاظمی نے اپنے رسالہ تسکین الخاطر میں تحقیق فرمائی ہے اسی طرح جگہ کے معنی فضا کے اس خالی حصہ کے ہے جسے

[1] قرآن مجید، سورۃ النساء آیت: ۸۶، پ: ۵

[2] مسند امام احمد بن حنبل، ج: ۱/ ص: ۴۳۱




قلابازی نمبر سینتیس

بریلویوں کے امام المناظرین اشرف سیالوی اپنے ہی فرقے کے دوسرے مولوی شریف الحق امجدی کی مخالفت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ : خدا و مصطفیٰ کو حاضر و ناظر سمجھ کر پوری ایمانداری اور دیانت داری سے فیصلہ کرو

۸

یوسف رحمانی صاحب بھی وقت مانگیں گے اور جواب میں بولنے کی کوشش کریں گے لیکن یہ لوگ اس کا ایک لفظ بھی اب سننا گوارا نہیں کر سکتے اور قتل و غارت کا سنگین خطرہ ہے۔ اور آپ تیس گھنٹے مناظرہ کر دیا ہمیں پر بند کر دو ہمارا مقصد پورا ہو چکا ہے۔ چنانچہ ان کی اس معذرت اور مجبوری کو دیکھ کر بندہ نے کہا تم مسجد میں بیٹھے ہو۔ خدا و مصطفیٰ کو حاضر و ناظر سمجھ کر پوری ایمانداری اور دیانت داری سے فیصلہ کرو اور جو کچھ تم نے سمجھا ہے وہ بیان کر دو۔ اہالیان چک نمبر ۵۷ نے اسی ملک محمد نواز نسوآنہ کو کہا، تم ہی اپنے ایمان و اخلاص سے فیصلہ کر دو تم ہمارے بڑے بھائی ہو اور محترم و معظم ہو جو فیصلہ کرو ہم اس سے متفق ہیں، اس نے کہا، بھائی مہر خان اور تم جو فیصلہ کرو میں اس سے متفق ہوں چنانچہ مسجد میں یہ فیصلہ طے ہوا اور باقاعدہ تحریر ہوا اور معززین کے دستخط اور انگوٹھے اس پر لگے اور ہمارے حوالے کیا گیا جو آخر میں مذکور ہے۔

مولوی صاحب موصوف اور اس کے معاون علامہ نیلوی صاحب مسجد کے اندر گوشہ نشین ہو کر بیٹھے تھے اور باہر صحن میں نعرہ ہائے تکبیر و رسالت سے فضا گونج رہی تھی اور لوگ مسرت سے پھولے جاموں میں نہیں سما رہے تھے اور ہفتہ کے بعد پھر اسی مسجد میں جشن فتح منایا گیا جس میں علاقہ بھر کے عوام اہل سنت اور روسا نے شرکت کی اور مسلک اہل سنت و الجماعت کی کامیاب ترجمانی پر بندہ کو مبارکباد دی گئی اور اللہ تعالیٰ کے اس فضل و کرم پر اس کا شکر یہ ادا کیا گیا اور مخالفین کی اس غیر معقول حرکت اور بغیر اطلاع اچانک مناظرہ کے لیے آدھمکنے کے باوجود ان کی ذلت آمیز شکست اور بے بسی و بدحواسی کو دیکھ کر لوگوں کو وہ خوشی اور مسرت حاصل ہوئی جو بیان سے باہر ہے اور اس چک میں جا کر اصل صورت حال کا آج بھی پتہ کیا جا سکتا ہے اور دستخط کرنے والوں سے بھی پوچھا جا سکتا ہے کہ واقعی تمہارے دستخط ہیں یا فرضی؟



قلابازی نمبر اڑتیس

خواجہ شمس الدین سیالوی کے مرید خواجہ صاحب کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ خواجہ صاحب نے فرمایا: تمہیں چاہیے کہ خدا کو حاضر و ناظر جان کر نماز روزے پر استقامت کرو

119

مگر ہمارے نزدیک صرف وہی عمر قابلِ شمار ہوتی ہے جو یادِ الٰہی میں صرف ہو، لہٰذا ان کی عمریں ان کی عبادت کے مطابق لکھی گئی ہیں۔

پھر فرمایا۔ عبادت کی ابتداء استغفار اور انتہا تسلیم و رضا ہے۔

پھر فرمایا۔ ایک دن میں کھنڈ شریف جاتے ہوئے خوشاب میں اپنے ایک پرانے دوست کے ہاں گیا اور اس کا پتہ دریافت کیا، لوگوں نے بتایا وہ فوت ہو چکا ہے، یہ ذکر کرتے ہوئے آپ نے آبدیدہ ہو کر جامی کا یہ شعر پڑھا:


حریفاں بادہ ہا خوردند و رفتند
تہی خم خانہ ہا کردند و رفتند

بعد ازاں، فرمایا۔ بہت سے دانا لوگ ہر مسئلہ عقل کے سپرد کر دیتے ہیں لیکن تقدیرِ الٰہی کے مقابلے میں کچھ نہیں کر سکتے۔ پس جب اس ہستیٔ موہوم کا کچھ اعتبار نہیں اور یہ محض چند روزہ ہے، تو بہتر یہی ہے کہ یہ قلیل مدت یادِ الٰہی میں ہی صرف کر دی جائے۔

پھر فرمایا۔ جب کسی آدمی کو حق تعالیٰ کی خوشنودی حاصل ہو جائے تو اس کے دین و دنیا کے تمام کام آسان ہو جاتے ہیں اور خدا کی خوشنودی تو اسی میں ہے کہ ہر حالت میں اس کی اطاعت کی جائے۔

بعد ازاں، سیال شریف کے باشندوں نے آپ کی خدمت میں التماس کی شدتِ افلاس کی وجہ سے ہم بالکل بے بس ہو چکے ہیں، دعا فرمائیں تاکہ اس مصیبت سے نجات ملے۔ آپ نے فرمایا۔ افسوس ہے چاروں طرف سے لوگ یہاں آ کر فائدہ حاصل کرتے ہیں، نماز روزہ میں مشغول ہوتے ہیں، لیکن تم میں سے کسی کو حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونے کی توفیق نہیں ہوئی۔ اگرچہ خدا گناہوں کی وجہ سے کسی کی روزی تنگ نہیں کرتا لیکن عوام کی بداعمالیوں کی وجہ سے ذلت و قلت نازل کرتا ہے۔ تمہیں چاہیئے کہ خدا کو حاضر و ناظر جان کر نماز روزے پر استقامت کرو اور غیر کے حق سے خواہ وہ معمولی ہی ہو پرہیز کرو، اور خالق و مخلوق کے حقوق ادا کرنے میں مستعد رہو، یقین ہے کہ نیکیوں کی برکت کی وجہ سے تم تمام مصیبتوں سے رہائی پاؤ گے۔

بعد ازاں، مولوی معظم دین صاحب مروّلوی نے عرض کیا، دعا فرمائیں تاکہ خدا بارش عطا



قلابازی نمبر اڑتیس

بریلویوں کے مفتی وقار الدین قادری رضوی اپنے ہی فرقے کے خواجہ .. خواجہ شمس الدین سیالوی کی مخالفت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ : اللہ تعالیٰ کو حاضر و ناظر کہنا ناجائز ہے

الجواب:-

اس بارے میں متکلمین کے دو مسلک ہیں ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ کے لیے صرف وہ الفاظ بولے جا سکتے ہیں جو قرآن و حدیث میں آئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی دوسرا لفظ جائز نہیں ہے۔ اس مذہب پر تو لفظ " خدا " کا استعمال بھی جائز نہیں ہے۔ دوسرا مذہب جو مذہب مختار ہے۔ وہ یہ ہے کہ منقول اسماء کے علاوہ ہر ایسا لفظ اللہ تعالیٰ کے لیے بولنا جائز ہے جس میں کسی خراب معنی کا احتمال نہ ہو۔ لہٰذا لفظ " خدا " بولنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

اللہ تعالیٰ کا حاضر و ناظر ہونا

الاستفتاء:-

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کے کہ مجھ سے زید نے کہا کہ اس نے ایک مولوی صاحب کو یہ کہتے سنا تھا کہ خدا حاضر و ناظر نہیں ہے اور جو خدا کو حاضر و ناظر جانے یا مانے وہ کافر ہے۔ براہ کرم شرعی فتویٰ قرآن و حدیث کی روشنی میں دیا جائے۔

سائل: محمد اختر، اقبال آباد، کراچی

الجواب:-

حاضر و ناظر کے جو معنی لغت میں ہیں ان معانی کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کی ذات پر ان الفاظ کا بولنا جائز نہیں ہے۔ "حاضر" کے معنی عربی لغت کی معروف و معتبر کتب "المنجد" اور "مختار الصحاح" وغیرہ میں یہ لکھے ہیں: نزدیکی، صحن، حاضر ہونے کی جگہ، جو چیز ظاہر کھلا ہے جب آنکھوں کے سامنے ہو اسے حاضر کہتے ہیں۔ اور ناظر کے معنی "مختار الصحاح" میں آنکھ کے ڈھیلے کی سیاہی جبکہ نظر کے معنی کسی امر میں فکر و تدبر کرنا، کسی چیز کا اندازہ کرنا اور آنکھ سے کسی چیز میں تامل کرنا لکھے ہیں۔ ان دونوں لفظوں کے لغوی معنی کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کو پاک سمجھنا واجب ہے۔ بغیر تاویل ان الفاظ کو اللہ تعالیٰ پر نہیں بولا جا سکتا۔ اسی لیے اسماء حسنیٰ میں حاضر و ناظر بطور اسم یا صفت شامل نہیں ہیں۔ قرآن و حدیث میں یہ الفاظ اللہ تعالیٰ کے لیے آئے ہیں اور نہ ہی صحابہ کرام اور تابعین یا ائمہ مجتہدین نے یہ الفاظ اللہ تعالیٰ کے لیے استعمال کیے ہیں۔ متاخرین کے زمانہ میں لوگوں نے اللہ تعالیٰ کو حاضر و ناظر کہنا شروع کیا تو بعض علماء نے اسے کفر قرار دیا تھا مگر علماء کی اکثریت نے فرمایا کہ یہ کفر نہیں ہے۔ اس لیے کہ اس میں تاویل ممکن ہے اور تاویل یہ کی کہ حضور کے معنی ہوا "علم" کے اور نظر کے معنی "رویت" مراد لیے جائیں تو یہ علیم و بصیر کے معانی میں ہو جائیں گے۔ در مختار میں ہے:

یا حاضر و یا ناظر لیس بکفر

